پریس ریلیز

# شیل پاکستان اور ویزا نے گرانڈ پرائز ونر کا اعلان کر دیا

**کراچی، 10 مارچ، 2020** : شیل پاکستان لمیٹڈ (''شیل پاکستان'') اور ویزا (VISA) کے مشترکہ مقابلے ''گو ہوم ودھ لگژری (Go Home with Luxury)'' کے گرانڈ پرائز ونر کا اعلان کر دیا گیا ہے اور محترمہ رومانہ سہیل کو گرانڈ پرائز یعنی مرسیڈیز کار کا حقدار قرار دیا ہے۔ اس مقابلے میں مرسیڈیز کار انعام کے طور پر رکھی گئی اور مقابلے کا مقصد کسٹمرز کو ادائی کے متبادل طریقوں کے استعمال کے لیے حوصلہ افزائی کرنا تھا۔ اس سلسلےمیں یہ ایک خصوصی تقریب شیل پاکستان لمیٹڈ کے ڈیفنس سروس اسٹیشن پر منعقد ہوئی۔

مقابلے میں کامیابی حاصل کرنے والی خاتون، محترمہ رومانہ سہیل نے اپنے تاثرات بیان کرتے ہوئے کہا، ''جب میں نے پہلی مرتبہ کال وصول کی تو میں یقین نہیں کر سکی کہ میں نے یہ مقابلہ جیت لیا ہے اور میں ایک ایسے بڑے انعام کی حقدار بن گئی ہوں۔ میں ہمیشہ شیل کے سروس اسٹیشن سے ایندھن ڈلواتی ہوں اور، جہاں تک مجھے یاد ہے، میں نے ہمیشہ اپنی فیملی اور دوستوں کی بھی حوصلہ افزائی کی ہے کہ وہ بھی شیل کے سروس اسٹیشن سے ہی ایندھن ڈلوایا کریں۔ میں شیل اور ویزا دونوں کی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے مجھے اور میری فیملی کو اِتنے بڑے انعام سے نوازا۔''

اس موقع پر شیل پاکستان کے جنرل مینیجر، طحٰہ مغربی نے کہا: ''لگژری کار جیتنا ہمیشہ ایک خواب ہوتا ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے کسٹمرز اس بات کا تجربہ بھی کریں۔ اس مہم کے دوران، ہمیں بہت زبردست ریسپانس ملا۔ ہم مسلسل ایسے مواقع تلاش کرتے رہتے ہیں کی اپنے کسٹمرز کو ایسے ریوارڈز اور فوائد سے نوازیں جو اُن کے لیے بامقصد بھی ہوں۔ اور ہمیں اس بات پر فخر ہے کہ ہم نے اس مہم کو ویزا کے تعاون سے آرگنائز کیا۔ میں محترمہ رومانہ سہیل صاحبہ اور اُن کی فیملی کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔''

ویزا کے کنٹری مینیجر، کامل خان نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا، ''صارفین کو ان کا کارڈ استعمال کرنے کیلیے حوصلہ افزائی کی صورت میں ہم انہیں ڈیجیٹل پیمنٹس کے فائدے پہنچانا اور نقد رقم کیمقابلے میں ڈیجیٹل ادائیگی کی ترجیح میں اضافے میں مدد کرنا چاہتے ہیں۔ مین شیل کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے اس پروموشن کو چلانے کیلیے ہمارے ساتھ شراکت کی۔ اور بالکل نئی سیڈان جیتنے پر میں خوش قسمت خاتون، محترمہ رومانہ سہیل صاحبہ اور ان کی فیملی کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔''

اس مقابلے کے شرکاء کے لیے لازمی تھا کہ وہ، اپنا ویزا کارڈ استعمال کرتے ہوئے، شیل پاکستان کے منتخب اسٹیشنوں پر -/3,000 روپے یا اُس سے زیادہ رقم سے ایندھن، لیوبریکنٹس، سیلیکٹ اسٹور یا دیگر اشیاء کی خریداری کریں اور بالکل نئی مرسیڈیز بینز اے کلاس سیڈان (Mercedes Benz A-Class Sedan) میں گھر جانے زبردست موقع سے فائدہ اٹھائیں۔ یہ مقابلہ، 01 نومبر، 2019ء سے 31 نوری، 2020ء تک، یعنی 3 ماہ جاری رہا۔